نتیجة الکلام.... صحابی شیطان کے بہکاوے میں نفسانی خواھشات کا پیرو ہو سکتا ہے اور ایسا فعل انجام دے سکتا ہے کہ وہ نظرِ مشیت میں آ جائے. اور اسکی گرفت کیجائے.اب رہا اسکی توبہ اور گناہ کا معاف ہونا تو یہ مسلمات سے ہے کہ توبہ گناہ کو دھو ڈالتے ہیں لیکن گناہ گناہ ہی رہتا ہے اسکی تاویل نیک نیتی سے کرنا اور اجتہادی خطا قرار دیکر اسے ایک ثواب کا مستحق ٹھہرانا صرف اسلیئے کہ وہ صحابی ہے.یہ قرآن و حدیث سے ثابت شدہ مزاجِ دین نہیں ہے.اللہ نے احد میں بھاگنے والوں کو معاف کیا لیکن انکے فعل کی تاویل نہیں کی..رسول اللہ(ص) نے ماعز بن مالک کو رجم کرنے کے بعد اسکیلیئے توصیفی کلمات کہے لیکن اس کے گناہ کی تاویل نہیں کی.. اسی طرح جمعہ میں نبی(ص) کو تنہا چھوڑ کر کھیل تماشے والوں کے فعل کی اور ولید بن عقبہ کی شراب نوشی کے بعد نماز پڑھنے کی تاویل کرنا خود گناہ ہے...صحابی نہ معصوم ہے اور نہ ہی اسکا ہر فعل قابلِ تاویل و اجتہاد ہے.

کاتبِ وحی.. معترض کہتا ہے کہ امیرِ معاویہ کاتب وحی تھے.اور اس سے استدلال کرتا ہے کہ نبی(ص) نے انھیں ایک عظیم کام کیلیئے چنا ان پر اعتماد کیا لہذا ان کے ایمان پر شک گویا نبی(ص) و قرآن پر شک کے مترادف ہے. ایسا شخص بھلا اسلام کا باغی کیسے ہو سکتا ہے.ہم جواباً کہتے ہیں کہ امیرِ معاویہ کے کاتب الوحی ہونے کا مسئلہ اجماعی نہیں ہے اختلافی ہے.لیکن ہم یہاں انھیں کاتب الوحی تسلیم کر کے ہی عرض کرتے ہیں کہ کاتب الوحی نہ معصوم ہوتا ہے نہ ہی شریعت کے تقاضوں سے آزاد ہوتا ہے.کاتب الوحی مرتد بھی ہو سکتا ہے.اور اللہ کے عذاب کا مستحق بھی ہو سکتا ہے. ہم دو کاتبان کی داستان مستند روایات سے پیش کر دیتے ہیں.تا کہ یہ مفروضہ ایک قیاسی و تخیلاتی قرار پائے کہ کاتب الوحی ہونا گویا گناھوں سے آزاد کر دیتا ہے یا پھر اسکے ہر گناہ کی تاویل لازم قرار پاتی ہے.ورنہ نبی(ص) کے اعتماد پر اعتراض ہو گا اور قرآن پر اعتماد ختم ہو جائیگا.معلوم نہیں کہ معترض نے غیر معصوم شخصیات و انکے افعال کو دین کی سند کیوں قرار دیا ہے.ہم نے یہ نظریہ نہ قرآن میں پڑھا ہے اور نہ ہی حدیث میں پھر یہ کب کیوں اور کس مصلحت کے تحت اپنایا گیا اس کی تحیق خود معترض کو دیانتداری سے کرنی ہو گی.

الاصابہ فی تمییز الصحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین (اردو)

(صحابۂ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کا انسائیکلوپیڈیا)

جلد ۳

تالیف

حافظ علامہ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ

مترجم

مولانا محمد عامر شہزاد علوی

مکتبہ رحمانیہ

اقرأ سنٹر۔ غزنی سٹریٹ۔ اردو بازار۔ لاہور

۴۷۱۳ عبداللہ بن سعد بن ابی سرح ✿

ابن حارث بن حبیب بن حذافہ بن مالک بن حسل بن عامر بن لؤی قرشی عامری۔ بعض نے حذافہ اور مالک کے درمیان نصر کا اضافہ نقل کیا ہے۔ مشہور پہلا نسب ہے۔ کنیت ابو یحییٰ تھی، حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے رضاعی بھائی ہیں ان کی والدہ اشعریہ، یہ زبیر ابن بکار کا قول تھا۔ ابن سعد ✿ فرماتے ہیں: ان کی والدہ مہابہ بنت جابر ہیں۔ ابن حبان ✿ کا قول ہے: ان کا والد منافق کافر تھا، ان کے علاوہ مجھے کسی کا یہ قول نہیں ملا۔ حاکم بطریق سدی مصعب بن سعد سے وہ بحوالہ اپنے والد روایت کرتے ہیں: فتح مکہ کے موقعہ پہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چار آدمیوں کے جن کے ساتھ دو عورتیں بھی تھیں سوا سب کو امن کا پروانہ دے دیا: عکرمہ، ابن خطل، مقیس بن صبابہ، ابن ابی سرح، پھر وہ حدیث ذکر کی۔ رہے عبداللہ تو وہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے پاس چھپ گئے، پھر انہیں لے کر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے

✿ اسد الغابہ (۲۹۷۳) استیعاب (۱۵۷۰) تجرید (۳۱٤/۱) ✿ استیعاب (۵۰/۳)

✿ جامع المسانید (٤۰/۸) ✿ التاریخ الکبیر (۱۳/۳) ✿ الجرح والتعدیل (٦۳/۵)

✿ الثقات (۲۲۹/۳) ✿ اسد الغابہ (۲۹۷٤) استیعاب (۱۵۷۱) تجرید (۳۱٤/۱) ✿ الطبقات (۱۹۰/۷)

✿ الثقات (۲۱۳/۳)

سامنے پہنچ گئے۔ عرض کرنے لگے: اللہ کے رسول! عبداللہ سے بیعت لے لیں۔ تین بار کہنے کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے بیعت لی۔ پھر اپنے صحابہ رضی اللہ عنہم سے فرمایا:

''تم میں سے کسی کو نہ سوجھی کہ جب میں اس سے بیعت کر رہا تھا اٹھ کر میرا ہاتھ روک لیتا اور اسے قتل کر دیتا؟''

بطریق یزید نحوی بواسطہ عکرمہ بحوالہ ابن عباس رضی اللہ عنہما مروی ہے عبداللہ بن سعد بن ابی سرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا کاتب تھا، شیطان نے اسے بہکایا اور وہ کافروں سے جا ملا جس کی بنا پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے قتل کرنے کا حکم صادر فرمایا۔ یعنی فتح مکہ کے دن۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اس کے لیے پناہ مانگی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے امان دے دی۔ اسے ابو داؤد ✿ نے نقل کیا ہے۔ ابن سعد کی روایت ہے کہ ابن المسیب نے فرمایا: ایک انصاری نے نذر مانی تھی کہ اگر اسے ابن ابی سرح نظر آ گیا تو اسے قتل کر دے گا۔ پھر حدیث مصعب بن سعد بحوالہ ان کے والد جیسی حدیث کا مفہوم نقل کیا ہے۔ الدارقطنی کی روایت اس کی ہم معنی ہے جو بطریق حکم بن عبدالملک بواسطہ قتادہ ہے۔ ابن عساکر نے حدیث عفان سے نقل کیا ہے: سبط ابن الجوزی نے مرآۃ الزمان میں لکھا ہے: جس انصاری نے نذر مانی تھی اس نے کہا: آپ نے مجھے اشارہ کر دیا ہوتا۔ وہ عباد بن بشر تھے۔ بقول بعض: وہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ تھے۔

ابن یونس فرماتے ہیں: فتح مکہ میں شریک ہوئے اور وہیں حویلی بنائی اور جنگ میں دائیں دستے کی کمان کر رہے تھے جو عمرو ابن عاص رضی اللہ عنہ کی معیت میں فتح مصر میں ہوئی تھی۔ فتوحات میں ان کی اچھی خدمات ہیں، حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے انہیں مصر کا گورنر بنایا تھا اور فتنہ برپا ہوا عسقلان رہائش رکھ لی اور کسی سے بیعت نہیں کی۔ اور وہیں چھتیس (۳٦ھ) میں فوت ہوئے۔ بقول بعض: مصر سے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی طرف روانہ ہوئے اور سائب بن ہشام بن عمیر کو اپنا نائب چھوڑ گئے۔ راہ میں ہی حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی شہادت کی خبر ملی تو لوٹ آئے۔ ادھر محمد بن ابی حذیفہ نے مصر پہ قبضہ کر لیا اور انہیں وہاں آنے سے روک دیا، وہ عسقلان چلے گئے۔ ایک قول ہے: رملہ روانہ ہو گئے۔ بقول بعض: جنگ صفین میں شریک ہوئے اور ستاون (۵۷ھ) میں فوت ہوئے۔ یہ ابن مندہ کا بیان ہے۔

بغوی کا قول ہے: ان کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی صرف ایک حدیث ہے جسے انہوں نے بدل دیا۔ ہمارے پاس معرفہ لابن مندہ میں عالی سند سے ہے۔ ابن سعد نے مصر فروکش ہونے والے صحابہ میں ان کا ذکر کیا ہے کہ انہوں نے ہی خلافت عثمانی میں افریقا فتح کیا اور اس کے بعد مصر کے گورنر بنے جو تقرر پچیس (۲۵ھ) میں پیش آیا۔ فتح افریقا ✿ سب سے بڑی فتح تھی جس میں گھڑ سواری حصہ تین ہزار دینار تک پہنچ گیا تھا۔ اٹھائیس (۲۸ھ) کا واقعہ۔ رہی اساود کی فتح تو وہ اکتیس (۳۱ھ) میں نوبہ میں پیش آئی۔ انہوں نے ہی اس کے بعد ان سے بقیہ صلح کی تھی۔ خلیفہ کا قول ہے: ستائیس (۲۷ھ) میں حضرت عمرو مصر سے معزول ہوئے اور عبداللہ بن سعد گورنر بنے۔ انہوں نے افریقا کی جنگ کی ان کے ساتھ عبادلہ تھے، لیث نے حضرت عمرو کی معزولی کی تاریخ پچیس (۲۵ھ) لکھی ہے اور افریقا کی جنگ ستائیس (۲۷ھ) میں کی اور غزوۂ اساود اکتیس (۳۱ھ) میں اور ذات الصواری چونتیس میں کیا۔

ابن البرقی نے اپنی تاریخ میں لکھا ہے: ابن ابی سرح خلافت فاروقی میں صعید مصر کے گورنر تھے۔ پھر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے سارا مصر ان کے حوالے کر دیا، اپنی گورنری میں اچھے کارنامے دکھائے، تین جنگیں غزوہ افریقا، ذات الصواری اور غزوۂ اساود لڑیں۔

✿ ابو داؤد کتاب الحدود باب الحکم فیمن ارتدّ (٤۳۵۹)

✿ الکامل فی التاریخ (٤۵/۳، ٤٦)

مؤلفات العلامة عبد الرحمن المعلمي

(٤)

الاستبصار

في نقد الأخبار

تأليف

الشيخ عبد الرحمن بن يحيى المعلمي

رحمه الله تعالى

١٣١٣هـ - ١٣٨٦هـ

تحقيق

سيدي محمد الشنقيطي

دار أطلس للنشر والتوزيع

ومنها قصة حاطب بن أبي بلتعة[(١)] ...

وأشد ما وقع من ذلك قصة عبد الله بن أبي سرح مع أنه ليس من المهاجرين الأولين وإنما كان ممن أسلم قبيل الفتح، ثم ارتد، فأمر النبي صلى الله عليه وآله وسلم يوم الفتح بقتله فلم يقتل وأسلم.

قال ابن عبد البر: «فحسن إسلامه فلم يظهر منه شيء ينكر عليه بعد ذلك، هو أحد النجباء العقلاء الكرماء من قريش» ثم ذكر ولايته مصر وفتحه أفريقية والنوبة، ثم قال «ودعا ربه فقال: اللهم اجعل خاتمة عملي صلاة الصبح، فتوضأ ثم صلى الصبح، فقرأ في الركعة الأولى بأم القرآن والعاديات، وفي الثانية بأم القرآن وسورة، ثم سلم من يمينه، وذهب يسلم عن يساره فقبض الله روحه، ذكر ذلك كله يزيد بن أبي حبيب وغيره"[(٢)].

---

(١) لم يذكر المؤلف قصته وهي كما روى البخاري - ٧ : ٥٩٢ من الفتح - من حديث عبيد الله بن أبي رافع قال: سمعت علياً رضي الله عنه يقول: بعثني رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم أنا والزبير والمقداد فقال: انطلقوا حتى تأتوا روضة خاخٍ، فإن بها ظعينة معها كتابٌ فخذوا منها، قال فانطلقنا تعادي بنا خيلُنا حتى أتينا الروضة، فإذا نحن بالظعينة قلنا لها: أخرجي الكتاب، قالت: ما معي كتاب. فقلنا: لتخرجنَّ الكتاب أو لنلقين الثياب. قال: فأخرجتهُ من عقاصها، فأتينا به رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم، فإذا فيه: من حاطب بن أبي بلتعة - إلى ناس بمكة من المشركين - يخبرهم ببعض أمر رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم، فقال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يا حاطب ما هذا؟ قال يا رسول الله لا تعجل عليّ، إني كنت امرَءاً مُلصَقاً في قريش يقول كنت حليفاً - ولم أكن من أنفُسها، وكان من معك من المهاجرين من لهم بها قرابات يحمون أهليهم وأموالهم، فأحببت إذا فاتني ذلك من النسب فيهم أن أتخذ عندهم يداً يحمون قرابتي، ولم أفعله ارتداداً عن ديني ولا رضاً بالكفر بعد الإسلام، فقال رسول الله صلى الله عليه وعلى آله وسلم: أما إنه قد صَدقكم. فقال عمرُ: يا رسول الله دعني أضرب عُنق هذا المنافق. فقال: إنه قد شهد بدراً، وما يدريك لعل الله اطلع على من شهد بدراً قال: اعملوا ما شئتم فقد غفرت لكم» ...... الحديث.

* قال صاحب كوثر المعاني الدراري في كشف خبايا صحيح البخاري: (ح١ / ١٨) الترجي في كلام الله عز وجل والرسول صلى الله عليه وآله وسلم للوقوع وقال في قول الرسول صلى الله عليه وعلى آله وسلم في قضية حاطب بن بلتعه «وما يدريك لعل الله اطلع على أهل بدر فقال: اعملوا ما شئتم فقد غفرت لكم» بأن ذلك متعلق بأعمال الآخرة. وأما أعمال الدنيا من إقامة الحدود وغيرها فإنها لازالت جارية عليهم. وعند أحمد ٣ / ١٥٢ ح «٧٩٤٥» من حديث أبي هريرة بالجزم ولفظه «إن الله عز وجل اطلع على أهل بدر فقال اعملوا ما شئتم، فقد غفرت لكم»

(٢) الاستيعاب ٢ : ٣٦٩ - ٣٧٠

لَأَنْ أَجِدَ ضَالَّتِي أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ يَسْتَغْفِرَ لِي صَاحِبُكُمْ قَالَ وَكَانَ رَجُلٌ يَنْشُدُ ضَالَّةً لَهُ.

جابر نے کہا وہ شخص اپنی گم شدہ چیز ڈھونڈ رہا تھا (وہ منافق تھا جب تو حضرتؐ نے فرمایا کہ اس کی بخشش نہیں ہوئی اور یہ آپ کا معجزہ ہے آپ نے جیسا فرمایا تھا وہ شخص ویسا ہی نکلا)۔

٧٠٣٩-عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ ((مَنْ يَصْعَدُ ثَنِيَّةَ الْمُرَارِ)) أَوْ الْمَرَارِ بِمِثْلِ حَدِيثِ مُعَاذٍ غَيْرَ أَنَّهُ قَالَ وَإِذَا هُوَ أَعْرَابِيٌّ جَاءَ يَنْشُدُ ضَالَّةً لَهُ.

٧٠٣٩- ترجمہ وہی ہے اس میں یہ ہے کہ ایک گنوار کو دیکھا جو اپنی گمی ہوئی چیز ڈھونڈ رہا تھا۔

٧٠٤٠- عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ كَانَ مِنَّا رَجُلٌ مِنْ بَنِي النَّجَّارِ قَدْ قَرَأَ الْبَقَرَةَ وَآلَ عِمْرَانَ وَكَانَ يَكْتُبُ لِرَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ فَانْطَلَقَ هَارِبًا حَتَّى لَحِقَ بِأَهْلِ الْكِتَابِ قَالَ فَرَفَعُوهُ قَالُوا هَذَا قَدْ كَانَ يَكْتُبُ لِمُحَمَّدٍ فَأُعْجِبُوا بِهِ فَمَا لَبِثَ أَنْ قَصَمَ اللهُ عُنُقَهُ فِيهِمْ فَحَفَرُوا لَهُ فَوَارَوْهُ فَأَصْبَحَتْ الْأَرْضُ قَدْ نَبَذَتْهُ عَلَى وَجْهِهَا ثُمَّ عَادُوا فَحَفَرُوا لَهُ فَوَارَوْهُ فَأَصْبَحَتْ الْأَرْضُ قَدْ نَبَذَتْهُ عَلَى وَجْهِهَا ثُمَّ عَادُوا فَحَفَرُوا لَهُ فَوَارَوْهُ فَأَصْبَحَتْ الْأَرْضُ قَدْ نَبَذَتْهُ عَلَى وَجْهِهَا فَتَرَكُوهُ مَنْبُوذًا.

٧٠٤٠- انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ایک شخص ہماری قوم بنی نجار میں سے تھا جس نے سورۂ بقرہ اور آل عمران پڑھی تھی اور وہ لکھا کرتا تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے پھر بھاگ گیا اور اہل کتاب سے مل گیا انھوں نے اس کو اٹھایا اور کہنے لگے یہ منشی تھا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا وہ لوگ خوش ہوئے اس کے مل جانے سے پھر تھوڑے دنوں میں اللہ نے اس کو ہلاک کیا انھوں نے اس کے لیے قبر کھودی اور گاڑ دیا صبح کو جو دیکھا تو اس کی لاش باہر پڑی ہے پھر انھوں نے کھودا اور اس کو گاڑ دیا پھر صبح کو دیکھا تو اس کی لاش باہر پڑی ہے پھر کھودا پھر گاڑا پھر صبح کو دیکھا تو اس کی لاش کو زمین نے باہر پھینک دیا آخر اس کو یوں ہی پڑا چھوڑ دیا۔

٧٠٤١-عَنْ جَابِرٍ أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ قَدِمَ مِنْ سَفَرٍ فَلَمَّا كَانَ قُرْبَ الْمَدِينَةِ هَاجَتْ رِيحٌ شَدِيدَةٌ تَكَادُ أَنْ تَدْفِنَ الرَّاكِبَ فَزَعَمَ أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ ((قَالَ بُعِثَتْ هَذِهِ الرِّيحُ لِمَوْتِ مُنَافِقٍ)) فَلَمَّا قَدِمَ الْمَدِينَةَ فَإِذَا مُنَافِقٌ عَظِيمٌ مِنْ الْمُنَافِقِينَ قَدْ مَاتَ.

٧٠٤١- جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سفر سے آرہے تھے جب مدینہ کے قریب پہنچے تو زور کی ہوا چلی ایسے زور سے کہ سوار زمین میں دبنے کے قریب ہو گیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ ہوا کسی منافق کے مرنے کے لیے چلی ہے جب آپ مدینہ پہنچے تو ایک بڑا منافق منافقوں میں سے مر گیا (یہ آپ کا ایک معجزہ ہے)۔

٧٠٤٢- عَنْ إِيَاسٍ حَدَّثَنِي أَبِي قَالَ عُدْنَا مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا مَوْعُوكًا

٧٠٤٢- ایاس نے کہا حدیث بیان کی مجھ سے میرے باپ سلمہ بن اکوع نے انھوں نے کہا ہم نے عیادت کی رسول اللہ ﷺ کے

خال المومنین.... معترض کہتا ہے کہ امیرِ معاویہ مومنین کے ماموں ہیں.کیونکہ انکی بہن امِ حبیبہ رسول اللہ(ص) کی ذوجہ ہیں اور اللہ نے قرآن میں اذواجِ پیغمبر(ص) کو مومنین کی مائیں قرار دیا ہے((سورہ الاحزاب)) تو ماموں کا احترام فرض ہے.ہم جواباً کہتے ہیں.کہ امیرِ معاویہ مومنین کے ماموں ہیں یہ حدیث سے ثابت ہوا ہے یا اصحاب کے آثار سے ثابت ہوا ہے.یا یہ آپکا نکالا ہوا رشتہ ہے.تو ابنِ کثیر نے فرما دیا کہ امیرِ معاویہ کو خال المومنین کہنے میں اختلاف ہے اس سے ثابت ہوا کہ یہ بات حدیث و آثار سے ثابت نہیں ہے نہ ہی اپنی زندگی میں امیرِ معاویہ نے اسکا اصرار کیا تھا.یہ انکے چاھنے والوں کی ان سے عقیدت ہے کہ محبت کو رشتہ داری میں بدل دیا... ہم کہتے ہیں کہ جس بنیاد پر امیرِ معاویہ مومنین کے ماموں ہوئے. اس بنیاد پر اذواج النبی(ص) کی اولاد مومنین کے بہن بھائی قرار پائے اور رسول اللہ(ص) کے نواسے نواسیاں مومنین کے بھانجے بھانجیاں قرار پائے تو گویا اس بنیاد پر مومنین نبی(ص) کے بھانجے بھانجیوں کے ماموں قرار پائے.اب اگر ہمارے ماموں کا اتنا احترام ہے کہ اسے رضی اللہ عنہ کہا جائے تو پھر نبی(ص) نواسے نواسیوں کے ماموں کا کیا مقام ہو گا.اب خود معترض توجہ فرمائے کہ زیادہ قابلِ احترام کون ہوا مومنین کا ماموں یا نبی(ص) کے نواسے نواسیوں کا ماموں.پھر معترض اپنے گریبان میں جھانکے کہ وہ کس کا احترام زیادہ کرتا ہے اور کس کا احترام زیادہ کرنا چاھیئے..اور اہم بات یہ ہے کہ جب امیرِ معاویہ کو یہ رشتہ نصیب ہوا اسوقت وہ خود مسلمان تھے یا مشرک اسلام کے دوست تھے یا اسلام کے دشمن اگر وہ مسلمان نہیں تھے تو کیا مومنین سے اس رشتے کو انکیلیئے فائدہ مند بنایا تھا.اگر نہیں تو پھر اس رشتہ کی بنیاد پر فضیلت پر اصرار کیسا ہے.کیونکہ جب ماموں جان کا مومنین سے یہ رشتہ بنا اسوقت وہ خود مومنین یعنی اپنے بھانجے بھانجیوں کے جان کے دشمن بنے ہوئے تھے..

القرآن الکریم

تفسیر ابن کثیر

امام المفسرین حافظ عماد الدین
ابو الفداء اسمٰعیل بن عمر بن کثیر الدمشقی رحمہ اللہ

ترجمہ
امام العصر مولانا محمد جونا گڑھی رحمہ اللہ

تخریج
کامران طاہر

تحقیق و نظر ثانی
حافظ زبیر علی زئی

اعتقاد پبلشنگ ہاؤس لمیٹڈ

جاؤں۔'' یہ سن کر جناب فاروق اعظم رضی اللہ عنہ فرمانے لگے قسم اللہ تعالیٰ کی یارسول اللہ! آپ اب مجھے ہر چیز سے یہاں تک کہ میری اپنی جان سے بھی زیادہ عزیز ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اب ٹھیک ہے۔'' ❶ بخاری میں اس آیت کی تفسیر میں ہے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں'' تمام مومنوں کا زیادہ حقدار دنیا اور آخرت میں خود ان کی اپنی جانوں سے بھی میں ہوں۔ اگر تم چاہو تو پڑھ لو ﴿اَلنَّبِیُّ اَوْلٰی بِالْمُؤْمِنِیْنَ مِنْ اَنْفُسِھِمْ﴾ ❷ سنو جو مسلمان مال چھوڑ کر مرے اس کا مال تو اس کے وارثوں کا حصہ ہے اور اگر کوئی مر جائے اور اس کے ذمہ قرض ہو یا اس کے چھوٹے چھوٹے بال بچے ہوں تو اس قرض کی ادائیگی کا میں ذمہ دار ہوں اور ان بچوں کی پرورش میرے ذمہ ہے۔'' ❸ پھر فرماتا ہے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن حرمت اور احترام میں' عزت اور اکرام میں' بزرگی اور اعظام میں تمام مسلمانوں میں ایسی ہیں جیسی خود ان کی مائیں۔ ہاں ماں کے اور احکام مثلاً خلوت یا ان کی لڑکیوں اور بہنوں سے نکاح کی حرمت یہ یہاں ثابت نہیں' گو بعض علماء نے ان کی بیٹیوں کو بھی مسلمانوں کی بہنیں لکھا ہے جیسے کہ حضرت امام شافعی رحمہ اللہ علیہ نے مختصر میں نصاً فرمایا ہے لیکن یہ عبارت کا اطلاق ہے نہ کہ حکم کا اثبات۔

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ وغیرہ کو جو کسی نہ کسی ام المومنین رضی اللہ عنہا کے بھائی تھے انہیں ماموں کہا جا سکتا ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے۔ امام شافعی رحمہ اللہ علیہ نے تو کہا ہے کہ کہہ سکتے ہیں۔ رہی یہ بات کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ابوالمومنین کہہ سکتے ہیں یا نہیں؟ یہ خیال رہے کہ ابوالمومنین کہنے میں مسلمان عورتیں بھی آ جائیں گی جمع مذکر سالم میں باعتبار تغلیب کے مونث بھی شامل ہے۔ ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا فرمان ہے کہ ''نہیں کہہ سکتے۔''

امام شافعی رحمہ اللہ علیہ کے دو قولوں میں بھی زیادہ صحیح قول یہی ہے۔ ابی بن کعب اور ابن عباس رضی اللہ عنہما کی قرأت میں ﴿اُمَّھٰتُھُمْ﴾ کے بعد یہ لفظ ہیں' ﴿وَھُوَ اَبٌ لَّھُمْ﴾ یعنی آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان کے والد ہیں۔ مذہب شافعی میں بھی ایک قول یہی ہے اور کچھ تائید اس حدیث سے بھی ہوتی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''میں تمہارے لئے قائم مقام باپ کے ہوں' میں تمہیں تعلیم دے رہا ہوں۔ سنو تم میں سے جب کوئی پاخانے میں جائے تو نہ قبلے کی طرف منہ کرے نہ پیٹھ نہ اپنے داہنے ہاتھ سے ڈھیلے لے نہ داہنے ہاتھ سے استنجا کرے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم تین ڈھیلے لینے کا حکم دیتے تھے اور گوبر اور ہڈی سے استنجا کرنے کی ممانعت فرماتے تھے'' ❹ (نسائی وغیرہ) دوسرا قول یہ ہے کہ'' حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو باپ نہ کہا جائے کیونکہ قرآن مجید میں ہے ﴿مَا کَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِکُمْ﴾ ❺ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تم میں سے کسی مرد کے باپ نہیں۔'' پھر فرماتا ہے کہ بہ نسبت عام مومنوں مہاجرین اور انصار کے ورثے کے زیادہ مستحق قرابتدار ہیں۔ اس سے پہلے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مہاجرین اور انصار میں جو بھائی چارہ کرایا تھا اسی کے اعتبار سے یہ آپس میں ایک دوسرے کے وارث ہوتے تھے اور قسمیں کھا کر ایک دوسروں کے جو حلیف بنے ہوئے تھے یہ بھی آپس میں ورثہ بانٹ لیا کرتے تھے۔ اس کو اس آیت نے منسوخ کر دیا۔ پہلے اگر انصاری مر گیا تو اس کے وارث اس کی قرابت کے لوگ نہیں ہوتے تھے بلکہ مہاجر ہوتے تھے جن کے درمیان اللہ تعالیٰ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بھائی چارہ کرادیا تھا۔ ❻ حضرت زبیر بن =

---

❶ صحیح بخاری، کتاب الایمان والنذور، باب کیف کانت یمین النبی ﷺ ٦٦٣٢۔ ❷ ٣٣/ الاحزاب:٦۔

❸ صحیح بخاری، کتاب التفسیر، سورة الاحزاب باب ﴿النبی أولی بالمؤمنین من أنفسهم﴾ ٤٧٨١؛ احمد، ٢/ ٣٥٦۔

❹ ابوداود، کتاب الطهارة، باب کراهیة استقبال القبلة عند قضاء الحاجة ٨ وسنده حسن، نسائی ٤٠؛ ابن ماجه ٣١٣۔

❺ ٣٣/ الاحزاب: ٤٠۔

❻ صحیح بخاری، کتاب الفرائض، باب ذوی الارحام ٦٧٤٧۔

ہم معترض سے پوچھتے ہیں.کہ اذواجِ پیغمبر(ص) میں جنابِ امِ حبیبہ سے جنابِ عائشہ و جنابِ حفصہ کی فضیلت معترض کے نزدیک زیادہ ہے.تو پھر جنابِ عائشہ کے بھائی عبد الرحمٰن بن ابو بکر اور محمد بن ابو بکر جو خلیفہ اول کے بیٹے ہیں وہ خال المومنین کیوں نہ بنے.اور جنابِ حفصہ کے بھائی عبد اللہ بن عمر جو خلیفہ دوم کے فرزند ہیں وہ خال المومنین کیوں نہ بنے.اگر معترض کہے کہ وہ بھی خال المومنین ہیں تو پھر ہم جواباً کہینگے کہ معترض نے پھر رشتہ کو امیرِ معاویہ کیلیئے ہی ہمیشہ مختص کیوں کر دیا..اب زرا ہم دیگر خال المومنین کے بارے میں دیکھتے ہیں کہ وہ ماموں جان امیرِ معاویہ کے بارے میں کس ادب و احترام کے قائل تھے.اور.خود امیرِ معاویہ و انکے گورنر اس رشتہ کی کتنی تعظیم کرتے تھے..محمد بن ابی بکر نے تو امیرِ معاویہ کے خلاف قول و فعل میں جنگِ صفین میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا...

كتاب مناقب الأنصار — كتاب التفسير ❖ أحاديث: 3776 — 4977

صحیح بخاری (اُردو)

4

تالیف

امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری رحمہ اللہ

ترجمہ وفوائد

فضیلۃ الشیخ حافظ عبدالستار الحماد حفظہ اللہ

فاضل مدینہ یونیورسٹی

نظرثانی اور تصحیح وتنقیح

حافظ صلاح الدین یوسف حفظہ اللہ

مولانا ابوعبداللہ محمد عبدالجبار حفظہ اللہ

حافظ محمد آصف اقبال حفظہ اللہ

مولانا محمد عثمان منیب حفظہ اللہ

مولانا مختار احمد ضیاء حفظہ اللہ

مولانا غلام مرتضیٰ حفظہ اللہ

دارالسلام
DARUSSALAM

مراد ہے۔ معنی یہ ہیں: کیا تم جانتے ہو یا تمھیں یہ بات پہنچی ہے کہ جن چیزوں کی تم اللہ کے سوا عبادت کرتے ہو انھوں نے کوئی چیز پیدا کی ہے؟

(١) بَابٌ: ﴿وَالَّذِي قَالَ لِوَالِدَيْهِ أُفٍّ لَّكُمَآ أَتَعِدَانِنِىٓ أَنْ أُخْرَجَ﴾ إِلَى قَوْلِهِ: ﴿أَسَـٰطِيرُ ٱلْأَوَّلِينَ﴾ [١٧]

باب: 1- (ارشاد باری تعالیٰ:) ''اور جس نے اپنے والدین سے کہا: تف ہو تم پر تم مجھے اس بات سے ڈراتے ہو کہ میں دوبارہ زندہ کیا جاؤں گا ...... پہلے لوگوں کی داستانیں ہیں'' کا بیان

٤٨٢٧ - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ: حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ أَبِي بِشْرٍ، عَنْ يُوسُفَ بْنِ مَاهَكَ قَالَ: كَانَ مَرْوَانُ عَلَى الْحِجَازِ - اِسْتَعْمَلَهُ مُعَاوِيَةُ - فَخَطَبَ، فَجَعَلَ يَذْكُرُ يَزِيدَ بْنَ مُعَاوِيَةَ لِكَيْ يُبَايَعَ لَهُ بَعْدَ أَبِيهِ، فَقَالَ لَهُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ أَبِي بَكْرٍ شَيْئًا، فَقَالَ: خُذُوهُ، فَدَخَلَ بَيْتَ عَائِشَةَ فَلَمْ يَقْدِرُوا، فَقَالَ مَرْوَانُ: إِنَّ هٰذَا الَّذِي أَنْزَلَ اللهُ فِيهِ: ﴿وَالَّذِي قَالَ لِوَالِدَيْهِ أُفٍّ لَّكُمَآ أَتَعِدَانِنِىٓ﴾ فَقَالَتْ عَائِشَةُ مِنْ وَرَاءِ الْحِجَابِ: مَا أَنْزَلَ اللهُ فِينَا شَيْئًا مِنَ الْقُرْآنِ إِلَّا أَنَّ اللهَ أَنْزَلَ عُذْرِي.

[4827] حضرت یوسف بن ماہك سے روایت ہے، انھوں نے کہا: مروان بن حکم کو حضرت امیر معاویہ ؓ نے حجاز کا گورنر بنایا تھا۔ انھوں نے ایک موقع پر خطبہ دیا اور خطبے میں یزید بن معاویہ کا بار بار ذکر کیا تا کہ اس کے والد (حضرت معاویہ ؓ) کے بعد اس کی بیعت کا راستہ ہموار کیا جائے۔ اس پر حضرت عبدالرحمٰن بن ابو بکر ؓ نے اعتراض کے طور پر کچھ کہا تو مروان نے کہا: اسے پکڑ لو۔ حضرت عبدالرحمٰن بن ابو بکر ؓ اپنی ہمشیرہ حضرت عائشہ ؓ کے گھر میں چلے گئے جس کی وجہ سے لوگ انھیں پکڑ نہ سکے۔ مروان نے کہا: یہ وہی شخص ہے جس کے بارے میں قرآن کریم کی یہ آیت نازل ہوئی تھی: ''اور جس شخص نے اپنے والدین سے کہا: تف ہے تم پر۔ تم مجھے اس بات سے ڈراتے ہو......'' اس پر حضرت عائشہ ؓ نے پردے کے پیچھے سے فرمایا: ہمارے بارے میں اللہ تعالیٰ نے کوئی آیت نازل نہیں فرمائی، ہاں مجھ پر تہمت سے براءت کی آیات ضرور نازل کی تھیں۔

فائدہ: رافضیوں نے حضرت عائشہ ؓ کی وضاحت کو غلط معنوں میں استعمال کیا ہے، چنانچہ وہ کہتے ہیں کہ ثَانِيَ اثْنَيْنِ سے مراد حضرت ابوبکر ؓ نہیں ہیں، انھوں نے انتہائی جہالت وحماقت کا ثبوت دیا ہے کیونکہ حضرت عائشہ ؓ کا مطلب یہ تھا کہ حضرت ابوبکر ؓ کی اولاد کے بارے میں میری براءت کے علاوہ اورکوئی آیت نازل نہیں ہوئی، ویسے تو شان صدیق ؓ کے

عنهما قال: أول يوم شهدته يوم الخندق.

٤١٠٨ - حَدَّثَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُوسٰى: أَخْبَرَنَا هِشَامٌ عَنْ مَّعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: وَأَخْبَرَنِي ابْنُ طَاوُسٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ خَالِدٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: دَخَلْتُ عَلٰى حَفْصَةَ وَنَسْوَاتُهَا تَنْطُفُ، قُلْتُ: قَدْ كَانَ مِنْ أَمْرِ النَّاسِ مَا تَرَيْنَ، فَلَمْ يُجْعَلْ لِّي مِنَ الْأَمْرِ شَيْءٌ، فَقَالَتِ: الْحَقْ فَإِنَّهُمْ يَنْتَظِرُونَكَ وَأَخْشٰى أَنْ يَّكُونَ فِي احْتِبَاسِكَ عَنْهُمْ فُرْقَةٌ، فَلَمْ تَدَعْهُ حَتّٰى ذَهَبَ، فَلَمَّا تَفَرَّقَ

[4108] حضرت ابن عمر ؓ سے روایت ہے، انھوں نے فرمایا: میں حضرت حفصہ بنت عمر ؓ کے پاس گیا تو ان کے سر کے بالوں سے پانی کے قطرے ٹپک رہے تھے۔ میں نے ان سے کہا: آپ نے دیکھا کہ لوگوں نے کیا کیا ہے؟ مجھے تو حکومت کا کچھ حصہ بھی نہیں ملا۔ حضرت حفصہ ؓ نے فرمایا: لوگوں کے اجتماع میں شرکت کرو۔ وہ تمھارا انتظار کر رہے ہیں۔ مجھے اندیشہ ہے کہ تمھارے رک جانے سے مزید اختلاف ہوگا۔ آخر کار ان کے اصرار کرنے پر وہ اجتماع میں گئے۔ جب لوگ حضرت معاویہ ؓ کی بیعت کر

النَّاسُ خَطَبَ مُعَاوِيَةُ، قَالَ: مَنْ كَانَ يُرِيدُ أَنْ يَّتَكَلَّمَ فِي هٰذَا الْأَمْرِ فَلْيُطْلِعْ لَنَا قَرْنَهُ، فَلَنَحْنُ أَحَقُّ بِهِ مِنْهُ وَمِنْ أَبِيهِ.

کے چلے گئے تو امیر معاویہ نے خطبہ دیتے ہوئے فرمایا: اس (خلافت کے) موضوع پر جس نے کوئی بات کرنی ہے وہ اپنا سر اٹھائے، یقیناً ہم اس سے اور اس کے باپ سے خلافت کے زیادہ حق دار ہیں۔

قَالَ حَبِيبُ بْنُ مَسْلَمَةَ: فَهَلَّا أَجَبْتَهُ؟ قَالَ عَبْدُ اللهِ: فَحَلَلْتُ حُبْوَتِي وَهَمَمْتُ أَنْ أَقُولَ: أَحَقُّ بِهٰذَا الْأَمْرِ مِنْكَ مَنْ قَاتَلَكَ وَأَبَاكَ عَلَى الْإِسْلَامِ، فَخَشِيتُ أَنْ أَقُولَ كَلِمَةً تُفَرِّقُ بَيْنَ الْجَمْعِ وَتَسْفِكُ الدَّمَ، وَيُحْمَلُ عَنِّي غَيْرُ ذٰلِكَ، فَذَكَرْتُ مَا أَعَدَّ اللهُ فِي الْجِنَانِ. قَالَ حَبِيبٌ: حُفِظْتَ وَعُصِمْتَ.

حضرت حبیب بن مسلمہ ؓ نے کہا: اس وقت آپ نے اس بات کا جواب کیوں نہ دیا؟ حضرت ابن عمر ؓ نے فرمایا کہ میں نے تو گرہ کھول کر بات کرنے کا پختہ ارادہ کر لیا تھا کہ انھیں جواب دوں: خلافت کا تم سے زیادہ حق دار وہ شخص ہے جس نے تم سے اور تمھارے باپ سے اسلام کی سربلندی کے لیے جنگ لڑی تھی لیکن مجھے خطرہ لاحق ہوا کہ مبادا میری اس بات سے مسلمانوں کے درمیان اختلاف بڑھ جائے اور خونریزی ہو جائے اور میری طرف ایسی بات منسوب کر دی جائے جو میں نے نہ کہی ہو، نیز مجھے وہ اجر و ثواب یاد آ گیا جو صبر کرنے والوں کے لیے اللہ تعالیٰ نے جنتوں میں تیار کر رکھا ہے۔ حبیب نے کہا: اچھا ہوا آپ محفوظ رہے اور فتنوں سے بچ گئے۔

قَالَ مَحْمُودٌ عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ: وَنَوْسَاتُهَا.

(راویٔ حدیث) محمود نے عبدالرزاق سے [نَسْوَاتُها] کے بجائے [نَوْسَاتُها] کے الفاظ نقل کیے ہیں۔

معترض کہتا ہے کہ امیرِ معاویہ نبی(ص) کے رشتہ میں سالے لگتے تھے.تو ہم نبی(ص) سے اس نسبت کا اگر احترام کریں تو اسمیں قابلِ اعتراض بات کیا ہے..ہم جواباً کہتے ہیں کوئی اعتراض نہیں ہے.لیکن نبی(ص) سے رشتہ اگر ایمان و جنت کی ضمانت ہے تو پھر سب سے قریبی رشتہ تو ماں باپ و دادا اور پرورش کرنیوالے کا ہوتا ہے.اسکا آپ لحاظ نہیں فرماتے بلکہ انکے کفر و انکا عذاب ثابت کرنے کیلیئے مستقل رسالہ ملا علی قاری نے تحریر فرما دیا.مگر اس توہین پر ان پہ کسی نے کوئی فتویٰ نہیں لگایا...یہ کیسا دوہرا معیار ہے.

بَابُ بَيَانِ أَنَّ مَنْ مَاتَ عَلَى الْكُفْرِ فَهُوَ فِي النَّارِ وَلَا تَنَالُهُ شَفَاعَةٌ وَلَا تَنْفَعُهُ قَرَابَةُ الْمُقَرَّبِينَ

باب: جو شخص کفر پر مرے وہ جہنم میں جائے گا اور اس کی شفاعت نہ ہوگی اور بزرگوں کی بزرگی اس کے کچھ کام نہ آوے گی

۵۰۰- عَنْ أَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّ رَجُلًا قَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيْنَ أَبِي قَالَ ((فِي النَّارِ)) فَلَمَّا قَفَّى دَعَاهُ فَقَالَ ((إِنَّ أَبِي وَأَبَاكَ فِي النَّارِ)).

۵۰۰- انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے پوچھا یارسول اللہ ﷺ میرا باپ کہاں ہے؟ آپ نے فرمایا دوزخ میں۔ جب وہ پیٹھ موڑ کر چلا تو آپ نے اس کو بلوایا اور فرمایا کہ میرا باپ اور تیرا باپ دونوں جہنم میں ہیں۔

بَاب فِي قَوْلِهِ تَعَالَى وَأَنْذِرْ عَشِيرَتَكَ الْأَقْرَبِينَ

باب: اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان کہ اپنے قریبی رشتہ داروں کو ڈرائیں

۵۰۱- عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ لَمَّا أُنْزِلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ وَأَنْذِرْ عَشِيرَتَكَ الْأَقْرَبِينَ دَعَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُرَيْشًا فَاجْتَمَعُوا فَعَمَّ وَخَصَّ فَقَالَ ((يَا بَنِي كَعْبِ بْنِ لُؤَيٍّ أَنْقِذُوا أَنْفُسَكُمْ مِنَ النَّارِ يَا بَنِي مُرَّةَ بْنِ كَعْبٍ أَنْقِذُوا أَنْفُسَكُمْ مِنَ النَّارِ يَا بَنِي عَبْدِ شَمْسٍ أَنْقِذُوا أَنْفُسَكُمْ مِنَ النَّارِ يَا بَنِي عَبْدِ مَنَافٍ أَنْقِذُوا أَنْفُسَكُمْ مِنَ النَّارِ يَا بَنِي هَاشِمٍ أَنْقِذُوا أَنْفُسَكُمْ مِنَ النَّارِ يَا بَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ أَنْقِذُوا أَنْفُسَكُمْ مِنَ النَّارِ يَا فَاطِمَةُ أَنْقِذِي نَفْسَكِ مِنْ

۵۰۱- ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے جب یہ آیت اتری ڈرا تو اپنے کنبہ والوں کو تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قریش کے لوگوں کو بلا بھیجا وہ سب اکٹھے ہوئے آپ نے عام سب کو ڈرایا پھر خاص کیا اور فرمایا اے کعب بن لوی کے بیٹو چھڑاؤ اپنے تئیں جہنم سے۔ اے مرہ بن کعب کے بیٹو چھڑاؤ اپنے تئیں جہنم سے۔ اے عبد شمس کے بیٹو چھڑاؤ اپنے تئیں جہنم سے۔ اے ہاشم کے بیٹو چھڑاؤ اپنے تئیں جہنم سے۔ اے عبدالمطلب کے بیٹو چھڑاؤ اپنے تئیں جہنم سے۔ اے فاطمہ چھڑاؤ اپنے تئیں جہنم سے۔ اس لیے کہ میں خدا کے سامنے کچھ اختیار نہیں رکھتا (یعنی اگر وہ عذاب کرنا چاہے تو میں بچا نہیں سکتا) البتہ تم جو مجھ سے ناتا

(۵۰۰) ☆ اس لیے کہ وہ کفر پر مرے تھے اور جو کفر پر مرے وہ جہنم میں جائے گا اس کو کسی کا ناتہ رشتہ کام نہ آئے گا۔ اس حدیث سے یہ بھی معلوم ہوا کہ عرب کے لوگ جو نبوت سے پہلے مرے ہیں اور بتوں کی پرستش کرتے تھے وہ جہنمی ہیں اور اس سے کوئی یہ نہ سمجھے کہ دعوت سے پہلے یہ مواخذہ ہے کیونکہ ان کو اور پیغمبروں کی دعوت پہنچ چکی تھی جیسے حضرت ابراہیم کی اور یہ جو آپ نے اس شخص کو بلا کر کہا کہ میرا باپ بھی جہنم میں ہے اس سے یہ غرض تھی کہ اس شخص کا رنج گھٹ جاوے اور وہ یہ معلوم کرلے کہ خدا کے ہاں سب برابر ہیں جو قاعدہ اس نے ٹھہرا دیا اس کے خلاف نہیں ہو سکتا۔ کافر کا ٹھکانا جہنم ہے خواہ وہ نبی کا باپ ہو یا بیٹا۔ جلال الدین سیوطیؒ نے کئی حدیثوں سے یہ امر ثابت کیا ہے کہ اللہ نے آنحضرتؐ کی دعا کو آپکے والدین کے حق میں قبول کیا اور وہ دوبارہ جلائے گئے اور اسلام لائے پر اکثر علماء اور محدثین نے اس کا انکار کیا اور ان حدیثوں کو موضوع بتلایا اور اللہ خوب جانتا ہے حقیقت حال کو۔ ☆

الْغَرْغَرَةُوَنَسْخِ جَوَازِ الِاسْتِغْفَارِ لِلْمُشْرِكِينَ وَالدَّلِيلِ عَلَى أَنَّ مَنْ مَاتَ عَلَى الشِّرْكِ فَهُوَ فِي أَصْحَابِ الْجَحِيمِ وَلَا يُنْقِذُهُ مِنْ ذَلِكَ شَيْءٌ مِنَ الْوَسَائِلِ

جان کنی نہ شروع ہو اور مشرکین کے لئے دعا کرنا منع ہے اور جو شرک پر مرے گا وہ جہنمی ہے، کوئی وسیلہ اس کے کام نہ آئے گا۔

۱۳۲- عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ أَبِيهِ قَالَ لَمَّا حَضَرَتْ أَبَا طَالِبٍ الْوَفَاةُ جَاءَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَجَدَ عِنْدَهُ أَبَا جَهْلٍ وَعَبْدَ اللَّهِ بْنَ أَبِي أُمَيَّةَ بْنِ الْمُغِيرَةِ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ((**يَا عَمِّ قُلْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ كَلِمَةً أَشْهَدُ لَكَ بِهَا عِنْدَ اللَّهِ**)) فَقَالَ أَبُو جَهْلٍ وَعَبْدُ اللَّهِ بْنُ أَبِي أُمَيَّةَ يَا أَبَا طَالِبٍ أَتَرْغَبُ عَنْ مِلَّةِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ فَلَمْ يَزَلْ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْرِضُهَا عَلَيْهِ وَيُعِيدُ لَهُ تِلْكَ الْمَقَالَةَ حَتَّى قَالَ أَبُو طَالِبٍ آخِرَ مَا كَلَّمَهُمْ هُوَ عَلَى مِلَّةِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ وَأَبَى أَنْ يَقُولَ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ

۱۳۲- سعید بن میسب (جو مشہور تابعین میں سے ہیں۔ ابن مدینی نے کہا میں نے ان سے زیادہ علم میں کوئی تابعی نہیں پایا۔ فقیہ ہیں، امام ہیں) روایت کرتے ہیں اپنے باپ سے (میسب بن حزن بن عمرو بن عابد بن عمران بن مخزوم قرشی مخزومی سے جو صحابی ہیں)۔ انھوں نے کہا جب ابو طالب بن عبد المطلب (رسول اللہ ﷺ کے حقیقی چچا اور پرورش کرنے والے) مرنے لگے تو رسول اللہ ﷺ ان کے پاس تشریف لائے اور وہاں ابو جہل (عمرو بن ہشام) اور عبد اللہ بن ابی امیہ بن مغیرہ کو بیٹھا دیکھا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اے چچا میرے! تم کہہ لو لا الہ الا اللہ ایک کلمہ، میں اللہ کے پاس اس کا گواہ رہوں گا تمہارے لیے۔ (یعنی خدائے عزوجل سے قیامت کے روز عرض کروں گا کہ ابو طالب موحد تھے اور ان کو جہنم سے نجات ہونی چاہیے، انھوں نے آخر وقت میں کلمہ توحید

(۱۳۲) ☆ سعید روایت کرتے ہیں اپنے باپ میسبؓ سے جو صحابی ہیں۔ اس حدیث کو بخاری اور مسلم دونوں نے رویت کیا حالانکہ میسب سے اس کا راوی کوئی نہیں سوائے ان کے بیٹے سعید کے تو رد ہو گیا حاکم کے قول کا کہ بخاری اور مسلم نے کوئی حدیث ایسی روایت نہیں کی جس کا راوی ایک ہی شخص ہو اور شاید مراد ان کی یہ ہے کہ سوا صحابہ کے اور شخصوں سے روایت کرنے والے کم سے کم دو چاہییں۔ (نووی)

نبیؐ نے کہا اپنے چچا ابو طالب سے، جب وہ مرنے لگے یعنی بیماری کی شدت ہوئی اور موت کا یقین ہو گیا، یہ مراد نہیں ہے کہ سکرات شروع ہو گئی کیونکہ نزع اور سکرات کے وقت توبہ قبول نہیں۔ فرمایا اللہ جل جلالہ نے **ولیست التوبة للذین یعملون السیئات حتیٰ اذا حضر احد هم الموت قال انی تبت الان** یعنی نہیں ہے توبہ ان لوگوں کے لیے جو گناہ کرتے ہیں، پھر جب موت سامنے آگئی تو کہنے لگے ہم نے اب توبہ کی اور اس کی دلیل یہ ہے کہ ابو طالب سے حضرتؐ نے گفتگو کی اور مشرکوں نے آپ کے خلاف ان کو سمجھایا۔ آخر ابو طالب نے مشرکوں کا کہنا مانا تو معلوم ہوا کہ نزع کی حالت نہ تھی۔ قاضی عیاض نے کہا بعض متکلمین نے یہاں معنی کئے ہیں کہ نزع کی حالت ابو طالب پر طاری ہوئی اور یہ صحیح نہیں تو ابو طالب نے دین اسلام کو قبول نہیں کیا اور اپنی قوم کا پاس کیا اور جہنم کو اختیار کیا۔

السراج الوہاج میں ہے کہ اس حدیث میں دلیل ہے اس بات کی کہ عبد المطلب بھی کفر پر مرے تھے جیسے ابو طالب۔ امام ابو حنیفہ ☜

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ((**أَمَا وَاللَّهِ لَأَسْتَغْفِرَنَّ لَكَ مَا لَمْ أُنْهَ عَنْكَ**)) فَأَنْزَلَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِينَ آمَنُوا أَنْ يَسْتَغْفِرُوا لِلْمُشْرِكِينَ وَلَوْ كَانُوا أُولِي قُرْبَى مِنْ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمْ أَنَّهُمْ أَصْحَابُ الْجَحِيمِ وَأَنْزَلَ اللَّهُ تَعَالَى فِي أَبِي طَالِبٍ فَقَالَ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّكَ لَا تَهْدِي مَنْ أَحْبَبْتَ وَلَكِنَّ اللَّهَ يَهْدِي مَنْ يَشَاءُ وَهُوَ أَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِينَ.

کا اقرار کیا تھا) ابو جہل اور عبد اللہ بن ابی امیہ بولے اے ابو طالب! عبد المطلب کا دین چھوڑتے ہو؟ اور رسول اللہ ﷺ برابر یہی بات ان سے کہتے رہے (یعنی کلمہ توحید پڑھنے کے لیے۔ ادھر ابو جہل اور عبد اللہ بن ابی امیہ اپنی بات بکتے رہے) یہاں تک کہ ابو طالب نے اخیر بات جو کی وہ یہ تھی کہ میں عبد المطلب کے دین پر ہوں اور انکار کیا لا الہ الا اللہ کہنے سے تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا قسم خدا کی میں تمہارے لیے دعا کروں گا (بخشش کی) جب تک منع نہ ہو۔ تب اللہ تعالیٰ نے یہ آیت اتاری **ماکان للنبی والذین امنوا** اخیر تک یعنی نبی کو اور مسلمانوں کو درست نہیں کہ مشرکوں کے لیے دعا کریں اگرچہ وہ ناتے والے ہوں، جب معلوم ہو گیا کہ وہ جہنمی ہیں۔ پھر اللہ تعالیٰ نے ابو طالب کے بارے میں یہ آیت اتاری، رسول اللہ

سنن نسائی مترجم

جلد سوم

كتاب السهو ــــ كتاب الجنائز_أحاديث: 1180ــ 2091

تالیف

امام ابو عبدالرحمن احمد بن شعیب النسائی رحمه الله

ترجمہ وفوائد

فضیلۃ الشیخ حافظ محمد امین حفظہ اللہ

تحقیق وتخریج

حافظ ابو طاہر زبیر علی زئی حفظہ اللہ

نظر ثانی، تصحیح وتنقیح اور اضافات

حافظ صلاح الدین یوسف حفظہ اللہ

دار العلم ممبئی

(المعجم ١٠١) - زِيَارَةُ قَبْرِ الْمُشْرِكِ (التحفة ١٠١)

باب:١٠١-مشرک کی قبر پر جانا

٢٠٣٥_[إسناده صحيح] وهو في الكبرٰى، ح: ٢١٦٠، وانظر الحديث السابق. * جرير هو ابن عبدالحميد.

٢٠٣٦- أَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ ابْنُ عُبَيْدٍ عَنْ يَزِيدَ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: زَارَ رَسُولُ اللهِ ﷺ قَبْرَ أُمِّهِ فَبَكٰى وَأَبْكٰى مَنْ حَوْلَهُ وَقَالَ: «اِسْتَأْذَنْتُ رَبِّي عَزَّ وَجَلَّ فِي أَنْ أَسْتَغْفِرَ لَهَا فَلَمْ يُؤْذَنْ لِي، وَاسْتَأْذَنْتُ فِي أَنْ أَزُورَ قَبْرَهَا فَأَذِنَ لِي، فَزُورُوا الْقُبُورَ فَإِنَّهَا تُذَكِّرُكُمُ الْمَوْتَ».

٢٠٣٦-حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ اپنی والدہ کی قبر دیکھنے گئے تو خود بھی روئے اور ساتھیوں کو بھی رلایا اور فرمایا: ''میں نے اپنے رب تعالیٰ سے اجازت طلب کی تھی کہ میں اپنی والدہ کے لیے بخشش کی دعا کروں لیکن مجھے اجازت نہیں دی گئی' پھر میں نے اجازت طلب کی کہ ان کی قبر دیکھنے جاؤں تو مجھے اجازت دے دی گئی۔ تم بھی قبروں کی زیارت کیا کرو کیونکہ وہ موت کو یاد دلاتی ہیں۔''

فوائد ومسائل: ① امام صاحب رحمہ اللہ نے استغفار کی اجازت نہ ملنے سے یہ نتیجہ اخذ کیا کہ آپ کی والدہ اسلام سے قبل فوت ہوگئی تھیں اور ایسے لوگوں کے لیے دعائے مغفرت کی ممانعت ہے۔ ② رسول اللہ ﷺ ابھی بچپن کی عمر میں تھے جب آپ کی والدہ کی وفات ہوگئی تھی۔ ماں' باپ کی قبر کی زیارت کی خواہش ایک فطری امر ہے جس پر شرعاً بھی کوئی پابندی نہیں۔ قبر کی زیارت کے موقع پر رونا بھی فطری چیز ہے' خصوصاً جبکہ آپ نے عالم ہوش میں پہلی دفعہ اپنی والدہ کی قبر دیکھی تھی۔ اللہ جانے! کس قسم کے جذبات محبت و پیار آپ کے دل میں امنڈ آئے ہوں گے' ممتا کوئی معمولی چیز نہیں۔ ③ والدین کے ساتھ حسن سلوک سے پیش آنے کے لیے ان کا مسلمان ہونا ضروری نہیں' وہ مسلمان ہوں یا کافر ومشرک ان کے ساتھ حسن سلوک سے پیش آنا اولاد کا فرض ہے۔

(المعجم ١٠٢) - اَلنَّهْيُ عَنِ الْاِسْتِغْفَارِ لِلْمُشْرِكِينَ (التحفة ١٠٢)

باب:١٠٢-مشرکین کے لیے استغفار کی ممانعت

٢٠٣٧- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلٰى: حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ - وَهُوَ ابْنُ ثَوْرٍ - عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: لَمَّا حَضَرَتْ أَبَا

٢٠٣٧-حضرت مسیب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب ابوطالب کی وفات کا وقت آیا تو نبی ﷺ اس کے پاس تشریف لے گئے۔ اس کے پاس (اس وقت) ابوجہل اور عبداللہ بن ابی امیہ تھے۔ آپ نے فرمایا: ''اے چچا

٢٠٣٦_أخرجه مسلم، ح: ٩٧٦/ ١٠٨ (انظر الحديث المتقدم، ح: ٢٠٣٤) من حديث محمد بن عبيد به، وهو في الكبرٰى، ح: ٢١٦١.

أدلة معتقد أبي حنيفة الأعظم

في أبوي الرسول

عليه الصلاة والسلام

صنفه

العلامة علي بن سلطان محمد القاري

(المتوفى سنة ١٠١٤ هـ

تحقيق

مشهور بن حسن بن سلمان

مكتبة الغرباء الأثرية

معترض کہتا ہے کہ نبی(ص) کے آباؤاجداد((معاذاللہ))
اسلام نہیں لائے تھے اسلیئے انھیں رشتہ داری نے کوئی فائدہ
نہیں دیا.لیکن امیرِ معاویہ تو مومن تھے.ہم جواباً کہتے ہیں
کہ یہی بات تو ہم کرتے ہیں کہ آپ رشتہ کو فضیلت کی
بنیاد قرار نہ دیں جبتک کہ ایمان پر بحث نہ ہو جائے. اور
یعقوب علیہ السلام کے بیٹے و یوسف علیہ السلام کے بھائی
حالتِ ایمان میں بھی کوئی گناہ کریں تو قابلِ گرفت ہیں
جبتکہ توبہ ثابت نہ ہو.آدم علیہ السلام کا بیٹا قابیل بھی بے
گناہ کا قتل کرے تو جہنمی ہے. اور جس بنا پر امیرِ معاویہ
کو خال المومنین کہا گیا.ہم اسی رشتہ کی بنیاد کو دیکھتے
ہیں.کیا ازواج النبی(ص) شریعت سے آزاد تھیں یا گناہ پر
دوھرے عذاب کی وعید ہے. اگر وہ گناہ کرنے پر آزاد نہیں
تو پھر انکے بھائی کو کس شریعت نے گناہ کی اجازت
دیدی.اگر رشتہ سے فضیلت ثابت ہوتی ہے تو پھر اس
فضیلت کے ہوتے ہوئے گناہ کا عذاب بھی بڑھ جاتا ہے.

تفسیر ابن کثیر

امام المفسرین حافظ عماد الدین
ابو الفداء اسمٰعیل بن عمر بن کثیر الدمشقی رحمۃ اللہ علیہ
المتوفی ۷۷۴ھ

۴

ترجمہ
امام العصر مولانا محمد جوناگڑھی رحمۃ اللہ علیہ

تخریج
کامران طاہر
نائب مدیر مجلس التحقیق الاسلامی

تحقیق و نظر ثانی
حافظ زبیر علی زئی

تقریظ
ابو الحسن مبشر احمد ربانی / حافظ صلاح الدین یوسف

اعتقاد پبلشنگ ہاؤس پرائیویٹ لمیٹڈ
۳۰۹۵، سرسید احمد روڈ دریا گنج، نئی دہلی ۱۱۰۰۰۲

يٰنِسَآءَ النَّبِيِّ مَنْ يَّاْتِ مِنْكُنَّ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ يُّضٰعَفْ لَهَا الْعَذَابُ ضِعْفَيْنِ ؕ وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرًا ۝۳۰

ترجمہ: اے نبی کی بیویو! تم میں سے جو بھی بداخلاقی کرے گی اسے دوہرا دوہرا عذاب کیا جائے گا۔ اللہ تعالیٰ کے نزدیک یہ بہت ہی سہل سی بات ہے۔[۳۰]

= عجب نہیں دونوں بزرگ اپنی اپنی صاحبزادیوں کو مارتے۔ اب تو سب بیویاں کہنے لگیں کہ اچھا قصور ہوا اب سے ہم حضور اکرم ﷺ کو ہرگز اس طرح تنگ نہ کریں گی۔'' اب یہ آیتیں اتریں اور دنیا اور آخرت کی پسندیدگی میں اختیار دیا گیا۔ سب سے پہلے آپ ﷺ حضرت صدیقہ رضی اللہ عنہا کے پاس گئے انہوں نے آخرت کو پسند کیا' جیسے کہ تفصیل وار بیان گزر چکا۔ ساتھ ہی یہ درخواست کی کہ یارسول اللہ! آپ اپنی کسی بیوی سے یہ نہ فرمایئے گا کہ میں نے آپ کو اختیار کیا۔ آپ ﷺ نے جواب دیا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے چھپانے والا بنا کر نہیں بھیجا بلکہ میں سکھانے والا' آسانی کرنے والا بنا کر بھیجا گیا ہوں۔ مجھ سے تو جو دریافت کرے گی میں صاف صاف بتا دوں گا۔ ❶ حضرت علی رضی اللہ عنہ کا فرمان ہے کہ طلاق کا اختیار نہیں دیا گیا تھا بلکہ دنیا یا آخرت کی ترجیح کا اختیار دیا تھا ❷ لیکن اس کی سند میں بھی انقطاع ہے اور یہ آیت کے ظاہری لفظوں کے بھی خلاف ہے کیونکہ پہلی آیت کے آخر میں صاف موجود ہے کہ آؤ میں تمہارے حقوق ادا کر دوں اور تمہیں رہائی دے دوں۔ اس میں علماء کرام کا گو اختلاف ہے کہ اگر آپ ﷺ طلاق دے دیں تو پھر کسی کو ان سے نکاح جائز ہے یا نہیں؟ لیکن صحیح قول یہ ہے کہ جائز ہے تاکہ اس طلاق سے وہ نتیجہ ملے یعنی دنیا طلبی اور دنیا کی زینت و رونق انہیں حاصل ہو سکے' وَاللّٰهُ اَعْلَمُ۔ جب یہ آیت اتری اور جب اس کا حکم حضور اکرم ﷺ نے ازواج مطہرات امہات المؤمنین رضی اللہ عنہن کو سنایا' اس وقت آپ ﷺ کی نو بیویاں تھیں۔ پانچ تو قریشیہ۔ عائشہ' حفصہ' ام حبیبہ' سودہ اور ام سلمہ رضی اللہ عنہن اور صفیہ بنت حیی جو قبیلہ نضیر کی تھیں اور میمونہ بنت حارث جو ہلالیہ تھیں اور زینب بنت جحش جو اسدیہ تھیں اور جویریہ بنت حارث رضی اللہ عنہن جو مصطلقیہ تھیں۔ ❸

اُمہات المؤمنین عام عورتوں کی طرح نہیں ہیں: [آیت:۳۰] حضور اکرم ﷺ کی بیویوں نے یعنی مؤمنوں کی ماؤں نے جب اللہ تعالیٰ کو اس کے رسول ﷺ کو اور آخرت کے بھلے گھر کو پسند کر لیا اور حضور اکرم ﷺ کے گھر میں وہ ہمیشہ کے لیے مقرر ہو چکیں تو اب جناب باری عَزَّ اِسْمُهٗ اس آیت میں انہیں وعظ فرما رہا ہے اور بتلا رہا ہے کہ تمہارا معاملہ عام عورتوں جیسا نہیں ہے۔ اگر بالفرض تم نے نبی اکرم ﷺ کی فرمانبرداری سے سرتابی کی اور اگر بالفرض تم سے کوئی بدخلقی سرزد ہوئی تو تمہیں دنیا اور آخرت میں عتاب ہوگا۔ چونکہ تمہارے بڑے رتبے ہیں تمہیں گناہوں سے بالکل دور رہنا چاہیے ورنہ رتبے کے مطابق مشکل بھی بڑھ جائے گی۔ اللہ تعالیٰ پر سب باتیں سہل اور آسان ہیں یہ یاد رکھنا چاہیے کہ یہ فرمان بطور شرط کے ہے اور شرط کا واقع ہونا ضروری نہیں ہوتا جیسے فرمان ہے ﴿لَئِنْ اَشْرَكْتَ لَيَحْبَطَنَّ عَمَلُكَ﴾ ❹ الخ۔ اے نبی! اگر تم شرک کرو گے تو تمہارے اعمال اکارت ہو جائیں گے...... نبیوں کا ذکر کر کے فرمایا ﴿وَلَوْ اَشْرَكُوْا لَحَبِطَ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝﴾ ❺ اگر یہ شرک کریں تو ان کی

❶ احمد، ۳/ ۳۲۸؛ صحیح مسلم، کتاب الطلاق، باب بیان ان تخییرہ امراته لا یکون طلاقا الا بالنیة ۱۴۷۸۔

❷ احمد، ۱/ ۷۸ وسندہ ضعیف زوائد عبداللہ بن احمد بن حنبل اس روایت میں محمد بن عبیداللہ المدنی ضعیف ہے۔ (المیزان، ۳/ ۶۳۴، رقم: ۷۹۰۴) اور علی بن حسین کا حضرت علی رضی اللہ عنہ سے سماع ثابت نہیں۔

❸ الطبری، ۲۰/ ۲۵۲۔

❹ ۳۹/ الزمر: ۶۵۔

❺ ۶/ الانعام: ۸۸۔

نتیجة الکلام..... پورے قرآن و حدیث کو جب ہم پڑھتے ہیں تو اسمیں جنت کی ضمانت ایمان و عملِ صالح ہے. کوئی منصب و رشتہ اسوقت تک کام نہیں آئیگا جبتک کہ خاتمہ بالخیر ثابت نہ ہو..اور قرآن کی زبان میں اسے استقامت فی الدین کہا گیا ہے.کچھ امور ایسے ہیں کہ جنھیں انجام دینے سے کیئے ہوئے اعمالِ صالحہ و فضیلت سب اکارت ہو جاتے ہیں((سورہ حجرات))..اور اس پر تو قرآن و حدیث و اجماع ہے کہ جب مومن مرتد ہو جائے تو جہنم میں جاتا ہے.پھر اسکے سابقہ مقام و منزلت و اعمالِ صالحہ کے پیشِ نظر اسے مومن ثابت نہیں کیا جاتا.

مَا آتَاكُمُ الرَّسُولُ فَخُذُوهُ وَمَا نَهَاكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوا

صحیح بخاری

جلد ہشتم

امیر المومنین فی الحدیث سید الفقہاء

حضرت الامام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری رحمۃ اللہ علیہ

ترجمہ وتشریح

حضرت مولانا محمد داؤد راز رحمۃ اللہ علیہ

نظر ثانی

حضرت العلام مولانا عبدالسلام بستوی رحمہ اللہ — حضرت العلام مولانا ابومحمد عبدالجبار سلفی رحمہ اللہ

مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند

[راجع: ١٣٦٢]

دیا اور تقویٰ اختیار کیا الخ۔

٥- باب الْعَمَلُ بِالْخَوَاتِيمِ

٦٦٠٦- حَدَّثَنَا حِبَّانُ بْنُ مُوسَى، أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللهِ، أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: شَهِدْنَا مَعَ رَسُولِ اللهِ ﷺ خَيْبَرَ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ لِرَجُلٍ مِمَّنْ مَعَهُ يَدَّعِي الإِسْلاَمَ: ((هَذَا مِنْ أَهْلِ النَّارِ)). فَلَمَّا حَضَرَ الْقِتَالُ قَاتَلَ الرَّجُلُ مِنْ أَشَدِّ الْقِتَالِ، كَثُرَتْ بِهِ الْجِرَاحُ فَأَثْبَتَهُ فَجَاءَ رَجُلٌ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ ﷺ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللهِ أَرَأَيْتَ الَّذِي تَحَدَّثْتَ أَنَّهُ مِنْ أَهْلِ النَّارِ قَدْ قَاتَلَ فِي سَبِيلِ اللهِ مِنْ أَشَدِّ الْقِتَالِ، فَكَثُرَتْ بِهِ الْجِرَاحُ فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ: ((أَمَا إِنَّهُ مِنْ أَهْلِ النَّارِ)) فَكَادَ بَعْضُ الْمُسْلِمِينَ يَرْتَابُ فَبَيْنَمَا هُوَ عَلَى ذَلِكَ إِذْ وَجَدَ الرَّجُلُ أَلَمَ الْجِرَاحِ فَأَهْوَى بِيَدِهِ إِلَى كِنَانَتِهِ فَانْتَزَعَ مِنْهَا سَهْمًا فَانْتَحَرَ بِهَا، فَاشْتَدَّ رِجَالٌ مِنَ الْمُسْلِمِينَ إِلَى رَسُولِ اللهِ ﷺ فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللهِ صَدَّقَ اللهُ حَدِيثَكَ، قَدِ انْتَحَرَ فُلاَنٌ فَقَتَلَ نَفْسَهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: ((يَا بِلاَلُ قُمْ فَأَذِّنْ، لاَ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ إِلاَّ مُؤْمِنٌ، وَإِنَّ اللهَ لَيُؤَيِّدُ هَذَا الدِّينَ بِالرَّجُلِ الْفَاجِرِ)).

[راجع: ٣٠٦٢]

باب عملوں کا اعتبار خاتمہ پر موقوف ہے

(٦٦٠٦) ہم سے حبان بن موسیٰ نے بیان کیا' انہوں نے کہا ہم کو عبداللہ بن مبارک نے خبردی' انہوں نے کہا ہم کو معمر نے خبردی' انہیں زہری نے' انہیں سعید بن مسیب نے اور ان سے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم کے ساتھ خیبر کی لڑائی میں موجود تھے' آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم نے ایک شخص کے بارے میں جو آپ کے ساتھ شریک جہاد تھا اور اسلام کا دعویدار تھا فرمایا کہ یہ جہنمی ہے۔ جب جنگ ہونے لگی تو اس شخص نے بہت جم کے لڑائی میں حصہ لیا اور بہت زیادہ زخمی ہو گیا پھر بھی وہ ثابت قدم رہا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم کے ایک صحابی نے آ کر عرض کیا یا رسول اللہ! اس شخص کے بارے میں آپ کو معلوم ہے جس کے بارے میں ابھی آپ نے فرمایا تھا کہ وہ جہنمی ہے وہ تو اللہ کے راستے میں بہت جم کر لڑا ہے اور بہت زیادہ زخمی ہو گیا ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم نے اب بھی یہی فرمایا کہ وہ جہنمی ہے۔ ممکن تھا کہ بعض مسلمان شبہ میں پڑ جاتے لیکن اس عرصہ میں اس شخص نے زخموں کی تاب نہ لا کر اپنا ترکش کھولا اور اس میں سے ایک تیر نکال کر اپنے آپ کو ذبح کر لیا۔ پھر بہت سے مسلمان آنحضرت ﷺ کی خدمت میں دوڑتے ہوئے پہنچے اور عرض کیا یا رسول اللہ! اللہ تعالیٰ نے آپ کی بات سچی کر دکھائی۔ اس شخص نے اپنے آپ کو ہلاک کر کے اپنی جان خود ہی ختم کر ڈالی۔ آنحضرت ﷺ نے اس موقع پر فرمایا کہ اے بلال! اٹھو اور لوگوں میں اعلان کر دو کہ جنت میں صرف مومن ہی داخل ہو گا اور یہ کہ اللہ تعالیٰ اس دین کی خدمت و مدد بے دین آدمی سے بھی کراتا ہے۔

تشریح بظاہر وہ شخص جہاد کر رہا تھا' مگر بعد میں اس نے خود کشی کر کے اپنے سارے اعمال کو ضائع کر دیا۔ باب اور حدیث میں یہی مطابقت ہے۔ فی الواقع عملوں کا اعتبار خاتمہ پر ہے۔ اللہ پاک ہر مسلمان کو توحید و سنت اور اپنی اور اپنے حبیب ﷺ کی

مسائل

الإمام أحمد بن حنبل

روايـة

اسحاق بن إبراهيم بن هانئ النيسابوري

المتوفى ٢٧٥

> غادرت بغداد وما فيها
> أتقى ولا أفقه ولا أعلم
> من: أحمد بن حنبل
> الإمام الشافعي

تحقيق

زهير الشاويش

الجزء الثاني

المكتب الإسلامي

قال احمد لدَلُّويه : آه آه ، هذا أشد شيء بلغني عنه .

١٨٦٢ **وسمعت** أبا عبد الله يقول : أربعة مواضع في القرآن : (من بعدما جاءك من العلم) [١] فمن زعم أن القرآن مخلوق ، فهو كافر .

١٧٦٣ وسمعته يقول : القرآن علم من علم الله ، فمن زعم أن علم الله مخلوق ، فهو كافر .

١٨٦٤ وسألته عن : الذي يقول : لفظي بالقرآن مخلوق ؟

قال : هذا كلام جهم ، من كان يخاصم منهم ، فلا يُجالَس ، ولا يكلم ، والجهمي كافر .

١٨٦٥ وسمعته يقول : أخزى الله الكرابيسي لا يجالس ، ولا يكلم ، ولا تكتب كتبه ، ولا نُجالس من جالسه ، وذكره بكلام كثير .

وقيل له مالا أحصي[٢] : من قال : القرآن مخلوق ، فهو عندك كافر ؟

قال : نعم ، هو عندي كافر .

١٨٦٦ وسمعت أبا عبد الله ، وقال له دَلُّويه : سمعت علي بن الجعد يقول : مات والله معاوية على غير الإسلام[٣] . احد رجال البخاري المقدس

١٨٦٧ وكنت يوماً عند أبي عبد الله ، فجاء رجل فقال له : إن فلاناً